Recite Ziyarat Amin Allah

Imam Ali Shrine · Najaf

A recommended ziyarat recited in the presence of Imam Ali (a.s.).

57 lines · 8–10 min · alzair.app/rituals/imam-ali-shrine-recite-ziyarat-amin-allah · Urdu translation

---

1

السَّلاَمُ عَلَيْكَ يَا أَمِينَ اللَّهِ فِي أَرْضِهِ

آپ پر سلام ہو اے خدا کی زمین میں اس کے امین

2

وَ حُجَّتَهُ عَلَى عِبَادِهِ

اور اس کے بندوں پر اس کی حجت

3

السَّلاَمُ عَلَيْكَ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ

سلام ہو آپ پر اے مومنوں کے سردار

4

أَشْهَدُ أَنَّكَ جَاهَدْتَ فِي اللَّهِ حَقَّ جِهَادِهِ

میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ نے خدا کی راہ میں جہاد کا حق ادا کیا

5

وَ عَمِلْتَ بِكِتَابِهِ وَ اتَّبَعْتَ سُنَنَ نَبِيِّهِ

اس کی کتاب پر عمل کیا اور اس کے نبی(ص) کی سنتوں کی پیروی کی

6

صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَ آلِهِ

خدا رحمت کرے ان پر اور ان کی آل(ع) پر

7

حَتَّى دَعَاكَ اللَّهُ إِلَى جِوَارِهِ

پھر خدا نے آپ کو اپنے پاس بلا لیا

8

فَقَبَضَكَ إِلَيْهِ بِاخْتِيَارِهِ

اپنے اختیار سے آپ کی جان قبض کر لی

9

وَ أَلْزَمَ أَعْدَاءَكَ الْحُجَّةَ

اور آپ کے دشمنوں پر حجت قائم کی

10

مَعَ مَا لَكَ مِنَ الْحُجَجِ الْبَالِغَةِ عَلَى جَمِيعِ خَلْقِهِ

جبکہ تمام مخلوق کے لئے آپ کے وجود میں بہت سی کامل حجتیں ہیں

11

اللَّهُمَّ فَاجْعَلْ نَفْسِي مُطْمَئِنَّةً بِقَدَرِكَ

اے اللہ میرے نفس کو ایسا بنا کہ تیری تقدیر پر مطمئن ہو

12

رَاضِيَةً بِقَضَائِكَ مُولَعَةً بِذِكْرِكَ وَ دُعَائِكَ

تیرے فیصلے پر راضی و خوش رہے تیرے ذکر کا مشتاق اور دعا میں حریص ہو

13

مُحِبَّةً لِصَفْوَةِ أَوْلِيَائِكَ

تیرے برگزیدہ دوستوں سے محبت کرنے والا

14

مَحْبُوبَةً فِي أَرْضِكَ وَ سَمَائِكَ

تیرے زمین و آسمان میں محبوب و منظور ہو

15

صَابِرَةً عَلَى نُزُولِ بَلاَئِكَ

تیری طرف سے مصائب کی آمد پر صبر کرنے والا ہو

16

شَاكِرَةً لِفَوَاضِلِ نَعْمَائِكَ

تیری بہترین نعمتوں پر شکر کرنے والا

17

ذَاكِرَةً لِسَوَابِغِ آلاَئِكَ

تیری کثیر مہربانیوں کو یاد کرنے والا ہو

18

مُشْتَاقَةً إِلَى فَرْحَةِ لِقَائِكَ

تیری ملاقات کی خوشی کا خواہاں یوم

19

مُتَزَوِّدَةً التَّقْوَى لِيَوْمِ جَزَائِكَ

جزا کے لئے تقوی کو زاد راہ بنانے والا ہو

20

مُسْتَنَّةً بِسُنَنِ أَوْلِيَائِكَ

تیرے دوستوں کے نقش قدم پر چلنے والا

21

مُفَارِقَةً لِأَخْلاَقِ أَعْدَائِكَ

تیرے دشمنوں کے طور طریقوں سے متنفر و دور

22

مَشْغُولَةً عَنِ الدُّنْيَا بِحَمْدِكَ وَ ثَنَائِكَ

اور دنیا سے بچ بچا کر تیری حمد و ثناء میں مشغول رہنے والا ہو۔

23

اللَّهُمَّ إِنَّ قُلُوبَ الْمُخْبِتِينَ إِلَيْكَ وَالِهَةٌ

پھر اپنا رخسار قبر مبارک پر رکھا اور فرمایا:

24

وَ سُبُلَ الرَّاغِبِينَ إِلَيْكَ شَارِعَةٌ

اے معبود! بے شک ڈرنے والوں کے قلوب تیرے لئے بے تاب ہیں

25

وَ أَعْلاَمَ الْقَاصِدِينَ إِلَيْكَ وَاضِحَةٌ

شوق رکھنے والوں کے لئے راستے کھلے ہوئے ہیں

26

وَ أَفْئِدَةَ الْعَارِفِينَ مِنْكَ فَازِعَةٌ

تیرا قصد کرنے والوں کی نشانیاں واضح ہیں

27

وَ أَصْوَاتَ الدَّاعِينَ إِلَيْكَ صَاعِدَةٌ

معرفت رکھنے والوں کے دل تجھ سے کانپتے ہیں

28

وَ أَبْوَابَ الْإِجَابَةِ لَهُمْ مُفَتَّحَةٌ

تیری بارگاہ میں دعا کرنے والوں کی آوازیں بلند ہیں

29

وَ دَعْوَةَ مَنْ نَاجَاكَ مُسْتَجَابَةٌ

اور ان کے لئے دعا کی قبولیت کے دروازے کھلے ہیں

30

وَ تَوْبَةَ مَنْ أَنَابَ إِلَيْكَ مَقْبُولَةٌ

تجھ سے راز و نیاز کرنے والوں کی دعا قبول ہے

31

وَ عَبْرَةَ مَنْ بَكَى مِنْ خَوْفِكَ مَرْحُومَةٌ

جو تیری طرف پلٹ آئے اس کی توبہ منظور و مقبول ہے

32

وَ الْإِغَاثَةَ لِمَنِ اسْتَغَاثَ بِكَ مَوْجُودَةٌ مَبْذُولَةٌ

تیرے خوف میں رونے والے کے آنسوؤں پر رحمت ہوتی ہے

33

وَ الْإِعَانَةَ لِمَنِ اسْتَعَانَ بِكَ مَبْذُولَةٌ (مَوْجُودَةٌ)

جو تجھ سے فریاد کرے اس کے لئے داد رسی موجود ہے

34

وَ عِدَاتِكَ لِعِبَادِكَ مُنْجَزَةٌ

جو تجھ سے مدد طلب کرے اس کو مدد ملتی ہے

35

وَ زَلَلَ مَنِ اسْتَقَالَكَ مُقَالَةٌ

اپنے بندوں سے کیے گئے تیرے وعدے پورے ہوتے ہیں

36

وَ أَعْمَالَ الْعَامِلِينَ لَدَيْكَ مَحْفُوظَةٌ

تیرے ہاں عذر خواہوں کی خطائیں معاف اور عمل کرنے والوں کے اعمال محفوظ ہوتے ہیں

37

وَ أَرْزَاقَكَ إِلَى الْخَلاَئِقِ مِنْ لَدُنْكَ نَازِلَةٌ

مخلوقات کے لئے رزق و روزی تیری جانب سے ہی آتی ہے

38

وَ عَوَائِدَ الْمَزِيدِ إِلَيْهِمْ وَاصِلَةٌ

اور ان کو مزید عطائیں حاصل ہوتی ہیں

39

وَ ذُنُوبَ الْمُسْتَغْفِرِينَ مَغْفُورَةٌ

طالبان بخشش کے گناہ بخش دیے جاتے ہیں

40

وَ حَوَائِجَ خَلْقِكَ عِنْدَكَ مَقْضِيَّةٌ

ساری مخلوق کی حاجتیں تیرے ہاں سے پوری ہوتی ہیں

41

وَ جَوَائِزَ السَّائِلِينَ عِنْدَكَ مُوَفَّرَةٌ

تجھ سے سوال کرنے والوں کو بہت زیادہ ملتا ہے

42

وَ عَوَائِدَ الْمَزِيدِ مُتَوَاتِرَةٌ

اور پے در پے عطائیں ہوتی ہیں

43

وَ مَوَائِدَ الْمُسْتَطْعِمِينَ مُعَدَّةٌ

کھانے والوں کیلئے دستر خوان تیار ہے

44

وَ مَنَاهِلَ الظِّمَاءِ (لَدَيْكَ) مُتْرَعَةٌ

اور پیاسوں کی خاطر چشمے بھرے ہوئے ہیں

45

اللَّهُمَّ فَاسْتَجِبْ دُعَائِي

اے معبود ! میری دعائیں قبول کر لے

46

وَ اقْبَلْ ثَنَائِي

اس ثناء کو پسند فرما

47

وَ اجْمَعْ بَيْنِي وَ بَيْنَ أَوْلِيَائِي

مجھے میرے اولیاء کے ساتھ جمع کر دے

48

بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَ عَلِيٍّ وَ فَاطِمَةَ وَ الْحَسَنِ وَ الْحُسَيْنِ

کہ واسطہ دیتا ہوں محمد(ص) و علی (ع)و فاطمہ(س) و حسن(ع) و حسین(ع) کا

49

إِنَّكَ وَلِيُّ نَعْمَائِي وَ مُنْتَهَى مُنَايَ

بے شک تو مجھے نعمتیں دینے والادنیاو آخرت میں میری آرزوؤں کی انتہا

50

وَ غَايَةُ رَجَائِي

ء میری امیدوں کا مرکز۔

51

فِي مُنْقَلَبِي وَ مَثْوَايَ

تو میرا معبود میرا آقا اور میرا مالک ہے

52

أَنْتَ إِلَهِي وَ سَيِّدِي وَ مَوْلاَيَ

ہمارے دوستوں کو معاف فرما

53

اغْفِرْ لِأَوْلِيَائِنَا وَ كُفَّ عَنَّا أَعْدَاءَنَا

دشمنوں کو ہم سے دور کر

54

وَ اشْغَلْهُمْ عَنْ أَذَانَا

ان کو ہمیں ایذا دینے سے باز رکھ

55

وَ أَظْهِرْ كَلِمَةَ الْحَقِّ وَ اجْعَلْهَا الْعُلْيَا

کلمہ حق کا ظہور فرما اور اسے بلند قرار دے

56

وَ أَدْحِضْ كَلِمَةَ الْبَاطِلِ وَ اجْعَلْهَا السُّفْلَى

کلمہ باطل کو دبا دے اور اس کو پست قرار دے

57

إِنَّكَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِير

کہ بے شک تو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔

alzair.app — ziyarat guides, shrine recitations with audio, and group tours.

اس متن کو آف لائن پڑھنے کے لیے الزائر ایپ حاصل کریں۔